انتیسویں قسط

بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

# درسِ حدیث

(جامع مسجد پورٹ لوئس مورشش 1971)

شیخِ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغ اسلام
حضرت علامہ مولانا
## حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ
صدیقی قادری رضوی حامدی

زیرِ سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیر طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی
سجادہ نشین خوشتر

زیرِ سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری
خلیفہ تاج الشریعہ


باہتمام
مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

DAR-UL-RAZA

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:..................بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (انتیسویں قسط)

اسپیکر:..................حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:..................درسِ حدیث (جامع مسجد پورٹ لوئس مورشش 1971)

زیرِ سرپرستی:..................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:..................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:..................حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

باہتمام:..................مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر وترتیب:..................حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:..................6

پبلشر:..................مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل

بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم o فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیم

بسم اللّٰه الرحمن الرحیم o

ربناغفرلی والوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب

صدق الله مولانا العظیم وصدق رسوله النبی الکریم ونحن علی ذالک من الشاهدین والشاکرین والحمدلله رب العالمین

قال اللّٰه تبارک وتعالی فی شانِ حبیبه o ان اللّٰه وملئکته یصلون علی النبی ط یاایهاالذین امنو صلو علیه وسلموا تسلیما o

اللّٰهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد وبارک وسلم

## درسِ حدیث

روزانہ نمازِ تراویح کے بعد ایک حدیث بیان ہوگی اور روزانہ نمازِ صبح کے بعد درسِ قرآن ہوگا۔کل جمعرات ہے کل صبح کوان شاءاللہ صبح کو درسِ قرآن ہوگا اور تر واتح کی نماز کے بعد جمعرات کا حلقہ ذکر ہوگا۔ جمعے کی صبح کو رمضان میں درس نہیں ہوگا اِس پروگرام کوسن لینے کے بعد اب میں آپ کو ایک حدیث بیان کرتا ہوں۔ اِس حدیث کو یاد کیجئے اور اللہ کا شکرادا کرتے ہوئے اپنے گھروں کولوٹ جایئے۔

حدیث یہ ہے کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ’’جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے‘‘ یہ میں آپ کو کوئی نئی حدیث نہیں سنا رہا،لیکن ہماری قوم کا حال یہ ہے کہ ہم

بہت زیادہ سنتے ہیں اور بہت زیادہ بھولتے ہیں۔جس قدر سنتے ہیں اسی قدر زیادہ بھولتے ہیں۔اِس لئے بار بار سنانا پڑتا ہے۔سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

''جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو شیطانوں کو بند کر دیا جاتا ہے''۔

مسلمانوں اندازہ کرو کہ شیطانوں کو بند کر دیا جاتا ہے۔جو جنات ہیں اُن کو پکڑ کر بند کر دیا جاتا ہے اور ارشاد فرمایا کہ

''جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں''

اِس ماہِ مبارکہ میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جو کوئی دروازہ بند نہیں ہوتا جنت کے سب دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔اور رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو یہ سب کچھ ہو جاتا ہے۔آج رمضان کی پہلی رات ہے اِس کا مطلب یہ ہے کہ جنات بند کر دیئے گئے،شیطانوں کو پکڑ کر بند کر دیا گیا اور جنت کے دروازے کھول دیئے گئے۔اور ارشاد فرمایا کہ

''جہنم کے ردوازوں کو بند کر دیا جاتا ہے''

سال کے دوسرے دنوں میں جہنم کے دروازے کھلے ہوتے ہیں اور رمضان کی پہلی رات جب آتی ہے تو جہنم کے دروازوں کو بند کر دیا جاتا ہے۔اور پھر یہ دروازہ رمضان میں کھلتا نہیں بند کر دیا جاتا ہے۔اِس حدیث کو سننے کے بعد نتیجہ کیا نکلا۔نتیجہ یہ نکلا حدیث میں خود موجود ہے کہ اے خیر کی طلب کرنے والو،اے نیکی کی طلب کرنے والو ،اے اچھے کاموں کی طرف توجہ کرنے والو!تم کو چاہئے کہ نیکی کی طرف توجہ کرو،نیکی کو

طلب کرو۔نیکی کی طرف توجہ کرو جیسا بھی ہو سکے جس طرح سے بھی ممکن ہو اپنے رب کو راضی کرو، اللہ کو راضی کرو اُس کے رسول کو راضی کرو اور نیکی کی طرف مصروف ہو جاؤ۔اور ارشاد فرمایا سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ

'اے شر کے طلب کرنے والو! برے کام کی طرف توجہ کرنے والو، برے کام کو چھوڑ دو' شیطان کو بند کر دیا اب رمضان کا مہینہ اِس لئے نہیں ہے کہ آدمی شر اور برے کاموں کی طرف توجہ کرے، اِس لئے مسلمانوں کو چاہئے کہ نیکی کی طرف متوجہ ہو جاؤ، برے کاموں سے توبہ کرو، جس قدر ہو سکے کمائی کرو اور اپنے روزوں کو خراب مت کرو۔ غیبت، حسد، چغلی اور اِس قسم کی بیکار اور واہیات باتوں میں اپنے روزے کو خراب مت کرو، جب آپ کو کوئی کام نہ ہو تو بہترین کام یہ ہے کہ سو جائیں۔عبادت کی نیت سے سونا بھی عبادت ہے، بری باتوں سے بچتے ہوئے چپ رہنا بھی عبادت ہے۔ ایک آدمی بری بات نہیں کرتا چپ رہتا ہے یہ بھی عبادت ہے۔تو اگر کوئی کام نہ ہو تو سو جایئے کچھ نہ ہو سکے تو چپ رہیئے لیکن بیکار فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں۔کہ آج رمضان کی پہلی رات ہے اللہ نے موقع عطا فرمایا ہے بڑھ کر کے نیکیاں حاصل کر لیجئے۔اللہ تعالیٰ آپ کو، مجھے سب کو توفیق عطا فرمائے۔آج کی مبارک رات کا اتنا ہی مختصر پروگرام ہے جو آپ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا۔ سحری میں آپ اُٹھیں گے، سحری میں اُٹھنے کے بعد، سحری کھانے کے بعد ہر آدمی کو رمضان میں موقع مل سکتا ہے کہ وہ تہجد کی نماز پڑھ سکے۔لہٰذا اِس نیکی سے فائدہ اُٹھایئے اور مہینوں میں اگر تہجد کا موقع نہیں ملتا ہو تو اِس مہینے میں بلا تکلف ہر آدمی کو تہجد

کا موقع مل سکتا ہے۔یعنی سحری کھانے کے لئے آپ اُٹھیں تو سحری کھانے کے بعد اور وضو وغیرہ کر کے آپ تہجد کی نیت سے نفل پڑھ لیں آپ کتنے نفل پڑھیں یہ آپ کی مرضی ہے خدا توفیق دے تو چار رکعت پڑھ لیں، ورنہ آٹھ رکعت پڑھئے، ورنہ صوفیائے کاملین کے ارشادات کے مطابق بارہ رکعت پڑھئے، بارہ نہیں آٹھ رکعت، آٹھ نہیں تو چار رکعت اور کم سے کم دو رکعت ۔ دو رکعت بھی آپ پڑھیں گے تو تہجد کا ثواب آپ کو مل جائے گا۔کس قدر خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو رمضان کی راتوں میں تہجد پڑھیں اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔آمین

آج کی مجلس اسی مقام پر ختم ان شاء اللہ کل صبح پھر حاضر ہوں گا اور اللہ تعالیٰ نے چاہا تو درسِ قرآن کی تفصیل آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

# دن اور رات کے گناہ بخشوائیں!

سیدنا ابو کاہل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا

”اے ابو کاہل! جو کوئی مجھ پر ہر دن اور ہر رات میں تین تین مرتبہ میری محبت اور میری طرف شوق کی وجہ سے درودِ پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اُس کے اُس دِن اور رات کے گناہ بخش دے۔“

**صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ**

(آبِ کوثر، صفحہ ۴۵، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)


بااہتمام

مولانا محمد ابراھیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

DAR-UL-RAZA

مکتبہ دار الرضا

عالمی روحانی مرکز دار الرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی



TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com